© rasailojaraid.com



رہے اور فقہ مالکی کے مطابق ہی فتوئی دیتے تھے۔ مگر تمام فقہی مسالک کو برحق سمجھتے تھے۔ تائید میں انھوں نے اسلامی تاریخ کے بعض واقعات پیش کیے ہیں۔ لکھتے ہیں: ایک دن خلیفہ ہارون الرشید نے امام مالکؒ کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ ان کے مسلک کو مملکت کا سرکاری مسلک قرار دے دیا جائے لیکن امام مالکؒ نے یہ کہتے ہوئے اس تجویز کو رد کر دیا کہ علما کا اختلاف اس امت پر خدا کی رحمت ہے۔ ہر شخص اللہ کی ہدایت کے مطابق اپنے خیال میں صحیح دلیل کی اتباع کرتا ہے اور سب کا مقصد اللہ ہے۔ امام مالکؒ ایک دوسری روایت میں کہتے ہیں: ہارون الرشید مجھ سے اکثر مشورہ کرتے کہ موطا کو کعبہ میں لٹکا دیا جائے اور لوگوں کو اس کی اتباع پر مجبور کیا جائے۔ میں کہتا: ایسا نہ کیجیے کیونکہ رسول اللہ کے اصحاب کے درمیان بھی جزوی مسائل میں اختلاف تھا۔ وہ ملکوں میں پھیل گئے اور ہر ایک حق پر تھا۔ اس پر ہارون الرشید نے کہا: اے ابو عبداللہ! اللہ تعالیٰ آپ کو مزید توفیق دے۔ شیخ عثمان کی اصلاحی کاوشوں اور تحریک جہاد نے مابعد کی افریقی اسلامی تحریکوں پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ اردو قارئین خصوصاً تاریخ کا ذوق رکھنے والوں کے لیے یہ ایک معلومات افزا کتاب ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

## مطبوعات موصولہ

☆ **پیغام قرآن**، مدیر: ڈاکٹر گل رحیم جوہر۔ ناشر: پیغام قرآن اوپن اکیڈمی، بنوں روڈ، ٹل، ضلع ہنگو، کوہاٹ۔ صفحات: ۳۱۳۔ قیمت: ۷۵ روپے۔ (سال بھر کے لیے مطالعہ قرآن کا ہفتہ وار منتخب نصاب۔ متن، ترجمہ اور تشریح)۔

☆ **گلستاں گلستاں**، نظر زیدی۔ ناشر: القمر انٹرپرائزز، رحمن مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۹۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے (مثنوی، رباعیات اور قطعات کا مجموعہ)۔

☆ **وڈیو جنریشن**، محمد الیاس انصاری۔ ناشر: فیروز سنز، لاہور۔ صفحات: ۳۱۰۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ (پاکستان اور مشرق و مغرب کے دیگر ممالک میں ذرائع ابلاغ: ریڈیو، ٹیلی وژن، وی سی آر، وڈیو فلم، آڈیو کیسٹ، سینما، ڈش انٹینا، وڈیو گیم اور بدی کے فروغ میں معاون دیگر اشیا کے، معاشرے پر مہلک اور ہولناک اثرات و نتائج کی تفصیل ---- مگر اس کا علاج؟)

☆ **نماز کا مکمل انسائیکلوپیڈیا**، مولانا نذیر الحق میرٹھی۔ ناشر: فضلی سنز، اردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۵۱۹۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ (نماز کے آداب، تعلیمات اور دیگر جملہ معلومات، دیدہ زیب طباعت میں)۔

☆ **نشہ اقتدار کی خرمستیاں**، مولانا محمد یوسف قریشی۔ ناشر: موتمر المولفین، جامعہ اشرفیہ، پشاور۔ صفحات: ۹۶۔ قیمت: ۳۰ روپے۔ (یزید بن معاویہ اور آفتاب شیرپاؤ کے سیاہ کارنامے)۔

© rasailojaraid.com